بیاناتِ خوشتر رحمۃ اللہ علیہ

قسط ۵۳

DAR-UL-RAZA

(موریشس)

خطبہ عید الاضحیٰ

شیخ طریقت، رہبر شریعت، مبلغ اسلام
حضرت علامہ مولانا
حافظ محمد ابراہیم خوشتر رحمۃ اللہ علیہ
صدیقی قادری رضوی حامدی

زیر سرپرستی

شہزادہ علامہ خوشتر، پیر طریقت حضرت علامہ مولانا محمد مسعود اظہر قادری رضوی
سجادہ نشین خوشتر

زیر سایہ

شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خوشتر صدیقی قادری
خلیفہ تاج الشریعہ

باہتمام
مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی
سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

مکتبہ دار الرضا
عالمی روحانی مرکز دار الرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی
TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501
www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

بسم الله الرحمن الرحيم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب:............ بیاناتِ خوشتر "رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ" (قسط ۵۳)

اسپیکر:............ حضرت علامہ مولانا محمد ابراہیم خوشتر قادری "رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ"

موضوع:............ خطبہ عید الاضحیٰ (موریشس)

زیرِ سرپرستی:............ شہزادہ علامہ خوشتر حضرت مولانا محمد مسعود اظہر سجادہ نشین

زیرِ سایہ:............ شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خلیفہ تاج الشریعہ

زیرِ نگرانی:............ حضرت علامہ مولانا مفتی ابونعمان عرفان شریف مدنی

باہتمام:............ مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی
سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

تحریر و ترتیب:............ حافظ محمد اصغر عطاری (شعبہ تحریرات دارالرضا انٹرنیشنل)

صفحات:............ 14

پبلشر:............ مکتبہ دارالرضا جھنگ سٹی

مکتبہ دارالرضا
عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل
بستی شہنی والی، وارڈ نمبر 7، پرانا چنیوٹ روڈ، جھنگ سٹی
TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501
www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم o فاعوذ باللّٰه من الشیطن الرجیمo بسم اللّٰه الرحمن الرحیم o

فصل لربك وانحر

قال اللّٰه تبارك وتعالی فی شانِ حبیبه o ان اللّٰه وملئکته یصلون علی النبی ط یاایهاالذین امنو صلو علیه وسلموا تسلیما o

اللّٰهم صل علی سیدنا ومولانا محمد وعلی ال سیدنا ومولانا محمد وبارك وسلم

خطبہ عیدالاضحیٰ (موریشس)

میرے پیارے ساتھیو، دین، مذہب، مسلک اور طریقت کت کام میں رات اور دن مدد کرنے والو، پیارے بھائیو، عزیزو، نوجوانو! خدا کی بے شمار آپ پر رحمتیں ہوں۔ خدا کی نعمتیں ہوں، خدا کی آپ پر برکتیں ہوں کہ آپ سنتِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو زندہ کرنے کے لئے موریشش کی پہلی عیدگاہ میں، پہلی نمازِ عیدالاضحیٰ ادا کرنے کے لئے دور دور سے آئے۔ یاد رکھو کہ یہ آنا یہ صرف ہماری ہمت کا کام نہیں ہے۔ یہ ہماری طاقت سے نہیں ہوا، یہ خالق کائنات کا کرم ہے۔ یہ اللہ کے آخری حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رحمت ہے کہ آپ نے قدم اُٹھائے، آپ نے قدم بڑھائے اور ایک ایک قدم چل کر مورشس کی مسجدوں کو چھوڑ کر، آج کے دن مسجدوں کو چھوڑنا جو سنت ہے اور عیدگاہ میں نماز ادا کرنا یہ بھی سنت ہے۔ اور عظیم سنت ہے۔ میں اِس موقع

پر آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آج کی دنیا میں، آج کے پلیٹ فارم پر وہی قوم زندہ رہ سکتی ہے، جس قوم میں قربانی کا جذبہ موجود ہو، خدمت کا جذبہ موجود ہو، اتحاد کا جذبہ موجود ہو۔ جو قوم مخلص ہوگی، جو قوم فرمانبردار ہوگی وہی قوم آج کے پلیٹ فارم پر اور آج کی دنیا میں زندہ رہ سکتی ہے۔

اِسلام زندہ تھا، زندہ ہے اور زندہ رہے گا

خوب یاد رکھئے کہ اِسلام زندہ تھا، زندہ ہے اور زندہ رہے گا۔ سوال یہ نہیں کہ ہم اِسلام کے لئے کیا کر رہے ہیں یا ہم کو اِسلام کے لئے کیا کرنا چاہئے؟ یہ سوال نہیں بلکہ سوال یہ ہے کہ ہم اپنے آپ کے لئے کیا کر رہے ہیں؟ یاد رکھو کہ اگر ہم نے اِسلام کے دامن کو مضبوطی سے تھام لیا، محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قدموں سے ہم اگر وابستہ ہو گئے تو ہم زندہ رہیں گے، ہماری آنے والی نسلیں زندہ رہیں گی۔ اور اگر ایسا نہ کیا تو یاد رکھو کہ ہمارے پاس زندگی کی کوئی گارنٹی نہیں ہے۔ گارنٹی صرف اِس بات میں ہے کہ ہم محمد رسول اللہ ﷺ کی عزت وعظمت اور سنت کے پرچم کو بلند کریں۔

بہادر نوجوان ملک وملت کا سرمایہ ہوتے ہیں

میرے عزیزو، میرے دوستو! آپ دیکھ رہے ہیں؟ ذرا سوچئے تو سہی کہ جس قوم میں ایسے لوگ موجود ہوں گے، ایسے نوجوان، ایسے بہادر، Sacrifice کرنے والے لوگ جس جماعت میں موجود ہوں گے یقیناً وہ جماعت زندہ ہے اور زندہ رہے گی۔ آپ ذرا سوچئے تو سہی کہ عیدگاہ بنانا اور عیدگاہ بنانے کے

بعد اُس میں نماز ادا کرنے کی تیاری کرنی یہ کام میرے دوستو کون کرسکتا ہے؟

اے پیدا کرنے والے خالق و مالک اور اے گنبدِ خضرا کے مکین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم، آقا یہ آپ کا کرم ہے کہ آپ نے اِن نوجوانوں میں جوش پیدا کیا، ہمت پیدا کی، طاقت پیدا کی اور یہ لوگ، میرے عزیزو، میرے دوستو! مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست اِن چھ مہینوں میں اور خاص کر کے شوال المکرّم عید الفطر کے بعد اِن دو مہینوں میں آپ دیکھ رہے ہیں کہ ان لوگوں نے کیا کر کے دکھا دیا؟

مؤرخ موریشس کی عید گاہ کو فراموش نہیں کرسکیں گے

میرے عزیزو، میرے دوستو! مورشس کی تاریخ پر رائٹر اور مورخ جب بھی تاریخ لکھے گا تو وہ عید گاہ کو کبھی فراموش نہیں کرسکتا۔ اِن نوجوانوں نے دو مہینوں میں یہ اسٹکچر دیکھئے لوہے کا اسٹکچر انہوں نے بنایا، لوہا نیچے سے اُٹھا کر اوپر لائے اور رات دن ہمارے عزیز نے ویلڈنگ کر کے صرف اِس لئے بنایا تا کہ نمازی آرام سے نماز پڑھ سکیں اور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت کو ادا کرسکیں، دھوپ سے بچنے کے لئے، بارش سے بچنے کے لئے رات دن انہوں نے کام کیا۔ میرے عزیزو، میرے دوستو! اِن کا کام ہے، اِن کی محبت ہے، اِن کا خلوص ہے، اِن کی خدمت ہے کہ میں لندن نماز پڑھانے کے لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔

موریشین کی محبت لندن سے موریشس کھینچ لائی

میرے عزیزو، میرے دوستو! لندن کی دنیا کہتی رہی کہ مولانا آپ کہاں

جا رہے ہیں؟ میں نے کہا کہ بھائی میرے! آپ کو معلوم ہے کہ ہزاروں موریشین وہاں رہتے ہیں یو کے میں اُن کو تعجب ہے کہ ساری دنیا موریشس چھوڑ کر، ہندوستان، پاکستان چھوڑ کر لندن آتی ہے اور مولانا آپ برطانیہ چھوڑ کر موریشس جا رہے ہیں؟ لیکن اُن دوستوں کو شاید معلوم نہیں کہ میں کن لوگوں کے لئے موریشس جا رہا ہوں؟

میرے عزیزو، میرے دوستو! اُن کی نظر مٹیریل پر ہے، اُن کی نظر money پر ہے۔ لیکن میرے دوستو میں تو آدمیوں کی تلاش میں ہوں، میں آدمی تلاش کر رہا ہوں، جس قوم میں دو چار آدمی مل جائیں اُس قوم میں انقلاب برپا کیا جا سکتا ہے۔ ایک انقلاب پیدا کیا جا سکتا ہے۔

آج کا دن قربانی کا دن ہے

میرے عزیزو، میرے دوستو! آج کا دن ایثار کا دن ہے، آج کا دن قربانی کا دن ہے آپ جانتے ہیں کہ قربانی کیسے ہوتی ہے؟ اللہ اللہ ایک تو قربانی وہی ہے جو آج ہم نمازِ عید کے بعد اپنے ہاتھوں سے جانور کو قربان کریں گے، سنتِ ابراہیمی پر عمل کریں گے۔ اِس قربانی کے ساتھ ساتھ قربانی کا دن بھی اِس لئے ہے کہ آج کا دن ہمیں سبق دیتا ہے کہ تم اپنے مذہب کے لئے، اپنے مسلک کے لئے، اپنی قوم کے لئے کیا تم Sacrifice کر سکتے ہو؟

میرے عزیزو، میرے دوستو یہ جو Sacrifice کا لفظ ہے یہ تو ڈکشنری میں ہے، ہم لوگ Sacrifice کیا کر سکیں گے؟ مقصد یہ ہے کہ یہ ہماری ڈیوٹی ہے،

یہ ہمارا فرض ہے کہ ہمیں موریشس میں رہنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی سنت کو زندہ کریں۔

میرے عزیزو، میرے دوستو! خدا کا شکر ہے کہ ہم عیدگاہ میں آج حاضر ہیں اور نمازِ عیدالاضحیٰ ادا کررہے ہیں، اسپیکر بھی ہے، اوپر شامیانہ بھی ہے، ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا بھی آرہی ہے اوپر پہاڑیاں بھی میرے دوستو شہادت دے رہی ہیں، گواہی دے رہی ہیں کہ تیرے بندوں نے اِس مقام پر آکر تیری بارگاہ میں سجدے کئے۔

عیدگاہ میں جمعہ کی نماز کا اہتمام کیا گیا ہے

میرے عزیزو، میرے دوستو! آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ یہاں عیدگاہ ہی نہیں بنی ہے، پچھلے جمعہ کو یہاں مسجد کا فاؤنڈیشن اسٹون بھی رکھ دیا گیا، تاکہ ہم ہر جمعے کو اِس مقام پر آکر نماز پڑھ سکیں اور سجدہ کرنے والے سجدہ کرسکیں۔

عیدگاہ کا مقام قومی مقام کی حیثیت رکھتا ہے

آپ جانتے ہیں کہ عید اور بقرعید کی نماز سال میں ایک مرتبہ ہوتی ہے لیکن یہ جگہ سال میں ایک مرتبہ عید اور بقرہ عید کی نماز کے لئے نہیں ہے نمازِ پنجگانہ کے لئے بھی ہے، میرے دوستو یہ نیشنل سنٹر ہے۔ یہ قومی مرکز ہے، یہ قومی سنٹر ہے، یہ قومی مقام ہے جہاں ہم اپنی قومی تہذیب وتمدن کے مطابق، جہاں ہم اپنے مذہب اور مسلک کے مطابق، یہاں راتیں بھی گزریں گی، یہاں دن بھی گزرے گا، یہاں جلسے بھی ہوں، یہاں اللہ اکبر کی صدا بھی بلند ہوگی اور نعرہ رسالت یا رسول اللہ ﷺ بھی بلند

ہوگا۔

اللہ اکبر، اللہ اکبر لاالہ الااللہ واللہ اکبر وللہ الحمد

اللہ جسے پسند کرتا ہے اسے دین کے لئے چن لیتا ہے

میرے عزیزو، میرے دوستو! نیکی کے کاموں کے لئے اچھے کام کے لئے ہر آدمی سلیکٹڈ نہیں ہوتا۔ ہزاروں میں کسی کو چنا جاتا ہے۔ یہ کام ایسا نہیں کہ ہر آدمی کو ملے، آپ آئے دور سے آئے بہت سے ایسے لوگ ہیں بیچارے جن کو آنے کی توفیق نہیں ہوئی لیکن آپ آئے اور دور دور سے چل کر آئے سوچئے تو سہی کہ ہر قدم پر آپ کو کتنی نیکیاں ملی ہوں گی۔ آپ کے اندر یہ جذبہ اور یہ جوش ہے کہ موریشس کی پہلی عیدگاہ میں ہم عید الاضحیٰ ادا کریں۔ میرے عزیزو، میرے دوستو! قیامت تک جو لوگ آئیں گے اور نمازِ عید الاضحیٰ ادا کریں گے اُن کا ثواب بھی آپ کو ملے گا کیونکہ آپ سے پہلے آنے والوں میں سے ہیں اور سب سے پہلی نمازِ عید الاضحیٰ ادا کرنے والوں میں سے ہیں۔

میرے عزیزو، میرے دوستو! خوب یاد رکھو کہ یہ دنیا آنی جانی ہے۔ آج ہم ہیں کل ہم نہیں ہوں گے لیکن یہ عیدگاہ کا میدان یہ ہمیشہ رہے گا، سجدہ کرنے والے سجدہ کرتے رہیں گے، رکوع کرنے والے رکوع کرتے رہیں گے اور

اللہ اکبر، اللہ اکبر لاالہ الااللہ واللہ اکبر وللہ الحمد

کی صدائیں یہاں بلند ہوتی رہیں گی۔

میرے عزیزو، میرے دوستو! میں آپ کو خوش آمدید کہتا ہوں، میں آپ کو خدا کی بارگاہ میں پیش کر رہا ہوں ۔ رب کریم میری ، آپ کی اور سارے مسلمانوں کی حاضری قبول فرمائے۔ آمین

عیدگاہ کا ابھی تعمیراتی کام جاری ہے

میرے عزیزو، میرے دوستو! عیدالاضحیٰ کے بعد ہمارا کام ابھی جاری ہے۔ یادر کھیئے اسٹیکچر بنانا ابھی باقی ہے، یہ شامیانہ بنانا ابھی باقی ہے۔ ابھی سوشل ہال، نیشنل ہال، عورتوں کے لئے ہال ، مردوں کے لئے ہال، کمیونٹی سنٹر، ایجوکیشنل ہال ، کار پارکنگ اور گارڈن، یہ ایک عظیم منصوبہ ہے جو اِس پہاڑ کے اوپر خدا کی زمین پر ان شاء اللہ تعالیٰ بروئے کار آئے گا اور منصوبے پر عمل کیا جائے گا آپ جانتے ہیں کہ ان کاموں کے لئے ہمیں کتنے پیسے کی ضرورت ہے؟ میرے عزیزو، میرے دوستو! میں نے ہمیشہ کہا ہے کہ کام پیسے سے نہیں ہوتا ہے کام خدا کے فضل سے ہوتا ہے۔ کام صرف پیسے سے نہیں ہوتا کام آدمیوں کی نیت سے ہوتا ہے، کام آدمیوں کے خلوص سے ہوتا ہے۔ کام آدمیوں کے اتحاد سے ہوتا ہے، کام آدمیوں کے اتفاق سے ہوتا ہے۔

دین پر چلنا ہے تو کسی کی باتوں کی پرواہ نہ کرو

میرے دوستو! خدا کی راہ میں اپنے کانوں کو بہرہ کرلو، کون کیا کہتا ہے مت سنو۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا بات کہتے ہیں یہ بات سنو۔ اپنی آنکھوں کو اندھا کرلو تمہیں

غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے راستے پر چلنا ہے، محمد رسول اللہ ﷺ کی راہ پر چلنا ہے۔ حوصلہ پست کرنے والے اور بات کرنے والے بات کرتے ہیں اور کام کرنے والے کام کرتے ہیں۔ آپ کو اپنا کام کرنا ہے اور بتا یہ رہا ہوں کہ اِس مقام کے اوپر مسجد کا سنگِ بنیاد رکھا گیا اور نمازِ جمعہ شروع ہو چکی ہے۔ ہر جمعے کا یہاں نمازِ جمعہ ادا کی جائے گی۔ اور ہم کوشش کررہے ہیں مردوں کے ساتھ ساتھ عورتوں کے لئے یہاں انتظام ہوتا کہ ہماری مائیں، بہنیں آئیں دین سیکھیں تا کہ اُن کو بھی معلوم ہو کہ دین کیا ہے اور محمد رسول اللہ ﷺ کا فرمان کیا ہے؟

خواتین کے لئے بھی یہاں اسلامک سنٹر بنایا جائے گا

میرے دوستو! ہماری کمیونٹی جو ہے وہ پچھتر فیصد گھر کے اندر رہتی ہے۔ اگر ہم یہ پچھتر فیصد عورتوں کو اگر ہم اسلامک سنٹر میں اہل سنت و جماعت کے سنٹر میں اگر ہم لائیں گے تو اُن کو یہ معلوم ہوگا کہ اہلسنت و جماعت کیا ہے؟

میرے دوستو! اُن کے دل و دماغ کو صاف کرنے کے لئے، شیطان سے بچانے کے لئے، غیروں کے لٹریچر سے بچانے کے لئے ضروری ہے کہ عورتوں کو دعوت دی جائے۔ آپ جانتے ہیں کہ ٹی وی میں کیا ہورہا ہے؟ میرے دوستو ہر ہر گھر میں ٹی وی ہے۔ یہ آگ ہے جو پھیل رہی ہے اِس آگ کو بجھانے کے لئے ضروری ہے کہ مردوں کے ساتھ ساتھ عورتوں کو بھی دعوت دی جائے۔ ان شاء اللہ ہر جمعے کو یہاں نمازِ جمعہ کے لئے آپ بھی آئیں گے، خواتین کو بھی دعوت دی جائے گی۔ ربِ

کریم مجھے، آپ کو اور ہم سب کو یہاں آنے اور حاضر ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

تھوڑی تھوڑی امداد بھی مل کر بڑی بن جاتی ہے

میرے عزیزو، میرے دوستو! آپ جانتے ہیں کہ اگر میں آپ سے یہ مانگوں کہ آپ مجھے پانی کا ٹینکر مجھے دے دیجئے تو یہ آپ کے لئے مشکل ہوگا ایک ایک ڈیڑھ گلاس اگر آپ دیں تو یہ آسان ہوگا۔ ایک ایک گلاس پانی آپ دے سکتے ہیں لیکن ایک ٹینکر پانی کا ایک آدمی کے لئے دینا مشکل ہے۔ اگر ایک ایک گلاس پانی کا آپ نے دیا تو ہزار آدمیوں نے ہزار گلاس پانی کا دیا تو اِس طرح ہمارے پاس بہت سا پانی ہوسکتا ہے۔

عیدگاہ کے لئے دل کھول کر مدد کریں

میرے عزیزو، میرے دوستو! آج کا دن عیدالاضحیٰ کا دن ہے۔ آج کا دن قربانی کا دن ہے۔ میں اپنے نوجوان دوستوں سے عزیزوں سے اپیل کروں گا کہ عیدگاہ کا جو پروگرام ہے اُس کے لئے آپ سنی رضوی سوسائٹی کی دل کھول کر مدد کریں ، دل کھول کر چندہ دیں، کولیکشن میں حصہ لیں۔ تاکہ اِس طرح سے ہمارا یہ سنٹر، ہمارا یہ ادارہ اِس طرح سے ہمارا یہ مرکز آگے بڑھے۔ میں آپ کو بتاؤں کہ اِس وقت تقریباً ایک لاکھ روپے سے زیادہ یہ جب سے عیدگاہ شروع ہوئی ہے تقریباً ہم خرچ کر چکے ہیں۔ غریبو تمہیں مبارک ہو، اے دین کی خدمت کرنے والو تمہیں مبارک ہو کہ تم نے ایک لاکھ روپے سے اوپر اب تک جب سے یہ عیدگاہ کا سلسلہ شروع ہوا ہے خرچ ہو

چکا ہے اور ابھی ہمیں لاکھوں روپے کی ضرورت ہے۔ ابھی میرے دوستو یہاں بہت کچھ کام کرنا ہے۔ ابھی عیدگاہ کا پروگرام آپ کے سامنے ہے، ابھی مسجد کا پروگرام آپ کے سامنے ہے۔ ابھی میرے دوستو یہاں امام صاحب تشریف رکھیں گے۔ اُن کے لئے مکان بھی بنانا ہے۔ مؤذن کے لئے بھی کمرہ بنانا ہے، سامان کے لئے اسٹور بنانا ہے۔ وضو کرنے والوں کے لئے وضو کی جگہ بنانی ہے۔ باتھ روم وغیرہ بھی بنانے ہیں۔

آپ جانتے ہیں کہ میرے دوستو موریشس کی مہنگائی کتنی ہے اِس لئے ہمیں لاکھوں روپے کی ضرورت ہے۔ اور میں امید کرتا ہوں کہ اِس میں دلچسپی لیجئے اور دل کھول عطیات دیجئے۔ آپ تھوڑا تھوڑا کرلیں اور صرف آج ہی نہیں آئندہ بھی حصہ دینا ہے۔ آئندہ بھی آپ نے بڑھ چڑھ کر اِس میں حصہ لینا ہے اور اگر آپ نے ایسا کیا تو اِس طرح سے ہماری منزل آسان ہو جائے گی۔ ہم کاندھے سے کاندھا ملا کر، شانے سے شانہ ملا کر، خدا کا نام لے کر، محمد رسول اللہ ﷺ کا کلمہ پڑھ کر کے، حضور غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا دامن تھام کر ہم آگے بڑھ سکیں گے۔

میرے عزیزو، میرے دوستو! دو مہینے میں آپ نے یہ پراگریس دیکھا ہے۔ بہت سا کام تو ہو گیا ہے لیکن ابھی تک شامیانے کا مکمل بندوبست ہم نہیں کر سکے۔ وضو کرنے کیلئے جگہ کی ضرورت ہے وہ ابھی تک ہم نہیں کر سکے۔

آپ نے تھوڑے عرصے میں مسجد، مدرسہ، خانقاہ اور عیدگاہ بنادی

میرے عزیزو، میرے دوستو! آؤ خدا کی راہ میں آگے بڑھو، میں خود ورکر ہوں، میں خود مزدور ہوں میں خود لیبر ہوں۔ میرے عزیزو، میرے دوستو چوبیس گھنٹے میں مزدوری کرتا ہوں اور سنیوں تمہیں مبارک ہو 1965 عیسوی میں تم نے سنی رضوی سوسائٹی کا سنگ بنیا درکھا 67 عیسوی میں سنی رضوی اکیڈمی بنائی، 83 عیسوی میں خانقاہ قادریہ رضویہ تم نے بنایا۔ 85 عیسوی میں موریشس کی پہلی عیدگاہ کا سنگ بنیاد آپ نے رکھا۔ اور اسی 85ء کی اگست میں اللہ کے فضل وکرم سے آپ نے مسجد عیدگاہ کا بھی آپ نے سنگ بنیاد رکھ دیا۔

میرے عزیزو، میرے دوستو! اب موریشس میں مسجد بھی ہے، مدرسہ بھی ہے، خانقاہ بھی ہے، عیدگاہ بھی ہے۔ خدا کا شکرادا کرو کہ خدا نے اِس کام کیلئے اِس جماعت کو چن لیا۔

میرے عزیزو، میرے دوستو! آپ سے گزارش ہے کہ ہر جمعہ کو نمازِ جمعہ کے لئے ضرور تشریف لائیے۔ ہر جمعے کو نمازِ جمعہ یہاں ہوگی ان شاءاللہ اور ہر جمعے کو ہماری یہ وادی، ہمارا یہ پہاڑ اور یہ فضائیں محمد رسول اللہ ﷺ کی صداؤں سے اور کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ کی صداؤں سے گونج گیں اور آنے والے خداوندِ قدوس کی بارگاہ میں سجدہ کرسکیں گے۔

آج کا دن آپ کو مبارک ہو میں اُن کے لئے دعا کرتا ہوں جن لوگوں نے رات دن یہاں کام کئے، خدمت کرنے والوں کے لئے، ہمت کرنے والوں کے لئے، دین کی راہ میں ساتھ ساتھ چلنے والوں کے لئے دعائیں کی جارہی ہیں۔

اے رب کریم! اِن کو اِن کی آنے والی نسلوں کو قیامت تک شاد و آباد رکھ۔

اِن کی نسلوں سے ایسے لوگ پیدا کر جو عیدگاہ آتے رہیں، نماز پڑھتے رہیں۔

میرے عزیزو، میرے دوستو! خدا سے دعا کرو کہ ہم اِس پوزیشن میں ہوں کہ اسی طرح عید الفطر کے بعد ہمارے پاس عید الاضحیٰ ہے اور عید الاضحیٰ کے بعد آپ جانتے ہیں کہ عید میلاد بھی ہے، لیلۃ المعراج بھی ہے اور لیلۃ البراءت شب براءت بھی ہے، لیلۃ القدر بھی ہے اور بہت سی راتیں اور بہت سے مبارک دن اللہ تعالیٰ نے اہلسنت و جماعت کو دیئے ہیں اور اِن راتوں کو ہمیں یہاں آباد کرنا ہے۔ ہمیں یہاں قیام کرنا ہے اور موریشس کی فضاؤں کو خدا کے نام سے آباد کرنا ہے۔

میرے عزیزو، میرے دوستو! آپ آج کا مبارک دن میں آنے والے دوستوں کو میں خوش آمدید کہتا ہوں۔

اے رب کریم! اِن کی نماز، ان کی قربانی اور ان کی نیکی کو قبول فرما۔ جو کچھ انہوں نے کیا اسے بھی قبول فرما۔ اور آئندہ انہیں زیادہ سے زیادہ کرنے کی توفیق عطا فرما۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

نعت رسول مقبول ﷺ

میرے نبی کا در ایسا عرش سے اچھا لگتا ہے
جس کو ہم جنت کہتے ہیں وہاں کا صدقہ لگتا ہے

شہر مدینہ کیا کہنا فردوس کا نقشہ لگتا ہے
رات بھی اس کی نور بھری شمس و ضحٰی لگتا ہے

یہ کس کی حضوری میں ہر ہر عالم سے عالم آتا ہے
دربار میں جن کے شاہ و گدا حجاج کا میلا لگتا ہے

چاہے اُحد ہو غارِ حرا ہو ثور ہو یا مکہ کا جبل
شہر نبی کا ہر ہر پتھر دِل کا ٹکڑا لگتا ہے

مسجد کا صحن روشن روشن ہرگام درو دیوار چمن
پھر اِس پہ ستوں کا نظارہ اِک عرشِ معلیٰ لگتا ہے

یہ زائر اور سامنے جالی میرے نبی کے سارے سوالی
اللہ اللہ کتنا خوشتر اِن کا نصیبہ لگتا ہے

باہتمام
مولانا محمد ابراهیم خوشتر میموریل سوسائٹی
سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

مکتبہ دارالرضا
عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی
TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501
www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com